رول نمبر ____________

2017 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارہویں )

اردو ( لازمی )    پرچہ - دوسرا    وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - پہلا    **انشائیہ**    کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

ایک بوسیدہ، خمیدہ پیڑ کا کمزور ہاتھ  
سیکڑوں گرتے ہوؤں کی دستگیری کا امیں

آہ! ان گردن فرازانِ جہاں کی زندگی  
اک جُھکی ٹہنی کا منصب بھی جنھیں حاصل نہیں !!

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا  
یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے

مہ و ستارہ سے آگے مُقام ہے جس کا  
وہ مُشتِ خاک ابھی آوارگانِ راہ میں ہے

خبر ملی ہے خدایانِ بحر و بر سے مجھے  
فرنگ رہ گزرِ سیلِ بے پناہ میں ہے

eduvision.edu.pk

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) دوسروں سے کام لینے کا انہیں بڑا اچھا سلیقہ تھا۔ وہ کچھ ایسے مزاح آمیز طریقے سے کہتے تھے اور اس طرح ہمت افزائی کرتے تھے کہ لوگ خوشی خوشی اُن کا کام کرتے تھے۔ اپنے ملازموں اور ماتحتوں سے بھی ان کا سلوک ایسا تھا کہ وہ ان کی فرمائش کی تعمیل ایسی تن دہی اور شوق سے کرتے تھے جیسے ان کا کوئی ذاتی کام ہو اور وقت پر جان لڑا دیتے تھے۔

(ب) تو صاحب یہ تو ہوائی کا ازدواجی رخ تھا۔ اب تک گرہستن ماں، بیوی، بول رہی تھی۔ لیکن یہ گرہستن ماں بیوی دو وقت بلکہ اگلے دو دن کا اکٹھا کھانا پکا کر ریفریجریٹر میں بھر کر آزادی کا سانس بھی لیتی تھی۔ جگہ جگہ سیر پر خود نکل جاتی تھی۔ لائبریریوں سے گود بھر بھر کر جزائر ہوائی بلکہ سارے بحرالکاہل کے جزائر پر کتابیں لاتی تھی۔ آہستہ آہستہ لوگوں سے ملاقات، پروفیسر صاحبان سے گفتگو، سیاحوں اور طلبہ سے میل جول، بہت اچھا وقت گزرا۔ ہونولولو کے مختلف مدارج ابھرنے شروع ہوئے۔ اس کی ہمہ گوں زندگی کی چاشنی کا چسکا لگ گیا۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) اکبری کی حماقتیں (ii) قرطبہ کا قاضی

5۔ نصاب میں شامل مولانا الطاف حسین حالی کی نظم '' اسلامی مساوات '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بطور محسنِ انسانیت (ii) ہمارا نظامِ تعلیم (iii) کالج میں میرا پہلا دن

7۔ اپنے والد محترم کے نام خط لکھ کر انھیں اپنے سالانہ امتحان کے نتیجے کے بارے میں آگاہ کریں۔ نیز کتابوں اور دوسرے اخراجات کے لیے کچھ رقم طلب کریں۔ 10

PAPER CODE NUMBER:4021

2017 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

## اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا

وقت = 20 منٹ

## گروپ - پہلا

### حصہ معروضی

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

(1) عمر بن عبدالعزیزؒ نے اپنے مقبرے کے لیے زمین خریدی۔ (A) 20 دینار میں (B) 25 دینار میں (C) 30 دینار میں (D) 35 دینار میں

(2) سرسید احمد خان کا انتقال ہوا۔ (A) 1798ء میں (B) 1805ء میں (C) 1867ء میں (D) 1898ء میں

(3) اکبری نے چیزیں پسند کیں۔ (A) سرمہ اور نادعلی (B) پنج سورہ اور سرمہ (C) خاکِ شفا اور نادعلی (D) انگوٹھی اور سرمہ

(4) بیگم اختر ریاض الدین پیدا ہوئیں۔ (A) دہلی میں (B) کلکتہ میں (C) ہوائی میں (D) ہونولولو میں

(5) موبائل فون ایجاد ہوا۔ (A) 1884ء میں (B) 1900ء میں (C) 1954ء میں (D) 1984ء میں

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(6) اس کا مال اسباب، دکانیں اور زمین کچھ نہ ________ (A) رہی (B) رہا (C) رہیں (D) رہے

(7) " مکاتیب غالب " چھپ ________ (A) گئیں (B) گئی (C) گیا (D) گئے

(8) قلم دوات میز پر ________ (A) ہے (B) ہیں (C) تھا (D) تھے

(9) ________ میں گھر نہیں تھا اس لیے نہ مل سکا۔ (A) چنانچہ (B) کیونکہ (C) چونکہ (D) تو

(10) وہ صرف چور ہی نہیں ________ قاتل بھی ہے۔ (A) جبکہ (B) حالاں کہ (C) اس لیے (D) بلکہ

رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(11) : علامت ہے۔ (A) رابطہ کی (B) ختمہ کی (C) وقفہ کی (D) فجائیہ کی

(12) کسی جذبے کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔ (A) ندائیہ (B) فجائیہ (C) سوالیہ (D) قوسین

(13) پاکستان کے درج ذیل صوبے ہیں ______ علامت استعمال ہوگی۔ (A) : (B) ؟ (C) :- (D) !

(14) مخففات میں علامت استعمال ہوتی ہے۔ (A) سکتہ (B) وقفہ (C) رابطہ (D) ختمہ

(15) وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کہلاتا ہے۔ (A) سکتہ (B) ختمہ (C) رابطہ (D) واوین

امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیش نظر درست جواب منتخب کیجیے۔

(16) پڑنا (A) اُسے کام پڑ گیا۔ (B) بچہ گر پڑا۔ (C) وہ گھر پر پڑا رہا۔ (D) میں ہاسٹل میں نہیں پڑتا۔

(17) ڈالنا (A) پانی ڈالو۔ (B) کتاب پھاڑ ڈالی۔ (C) اس نے نئی روایت ڈالی۔ (D) اب ڈگری کا اچار ڈالو

(18) دینا (A) اس نے پتھر دے مارا۔ (B) مجھے دس روپے ادھار دینا۔ (C) وہ امتحان دیتا ہے۔ (D) مجھے اپنا قلم دو۔

(19) آنا (A) میرے پاس آؤ۔ (B) اندر آجاؤ۔ (C) واپس چلے آؤ۔ (D) وہ دیر سے آیا۔

(20) رکھنا (A) کتاب یہاں رکھی ہے۔ (B) اس نے تڑپا رکھا ہے۔ (C) میری بات یاد رکھو۔ (D) کیا میز پر جگ رکھا ہے؟

eduvision.edu.pk

رول نمبر ____________

2017 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارہویں )

**اردو ( لازمی )　　پرچہ - دوسرا**　　وقت = 2.40 گھنٹے

**گروپ - دوسرا**　　**انشائیہ**　　کل نمبر = 80

**نوٹ- جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

## حصہ اول

2- (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔　　10 = 1 + 1 + 8

کلبلاتی بستیاں، مشکل سے دوچار آدمی　　کتنا کمیاب آدمی ہے، کتنا بسیار آدمی
پتلی گردن، پتلے ابرو، پتلے لب، پتلی کمر　　جتنا بیمار آدمی، اتنا طرح دار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔　　10 = 1 + 3 + 3 + 3

دید و ادید جو ہو جائے، غنیمت سمجھو　　جوں شرر ورنہ ہم اے اہل نظر جاتے ہیں
ہم کسی راہ سے واقف نہیں، جوں نور نظر　　رہنما تو ہی تو ہوتا ہے، جدھر جاتے ہیں
آہ! معلوم نہیں، ساتھ سے اپنے شب و روز　　لوگ جاتے ہیں چلے، سو یہ کدھر جاتے ہیں

eduvision.edu.pk

## حصہ دوم

3- سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔　　15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) محمد بن قاسم نے یہ دیکھ کر ہراول کے پیادہ دستوں کی تعداد میں اضافہ کر دیا لیکن حملہ آوروں کی ایک جماعت آگے سے کترا کر بھاگتی اور دوسری جماعت پیچھے سے حملہ کر دیتی۔ ایک گروہ کسی ٹیلے پر چڑھ کر لشکر کے دائیں بازو کو اپنی طرف متوجہ کرتا اور دوسرا بائیں بازو پر حملہ کر دیتا۔ جوں جوں محمد بن قاسم کی فوج آگے بڑھتی گئی، ان حملوں کی شدت میں اضافہ ہوتا گیا۔ رات کے وقت پڑاؤ ڈالنے کے بعد شب خون کے ڈر سے کم از کم ایک چوتھائی فوج کو آس پاس کے ٹیلوں پر قابض ہو کر پہرہ دینا پڑتا۔

(ب) مولانا جب تک دفتر میں رہتے تھے بڑی چہل پہل رہتی تھی۔ نظم لکھی اور پکار کے کہا کہ " بلاؤ قاضی کو، بلاؤ اختر کو، کہاں ہے زاہدی، کہاں ہے حسرت؟" سب جمع ہوئے اور مولانا نے نظم پڑھ کر سنائی اور پھر انھیں نت نئی تجویزیں سوجھتی رہتی تھیں جو دو تین دن کے چرچے میں غائب غلّہ ہو جاتی تھیں۔ ہم میں سے کوئی اچھا شعر کہتا یا کوئی اچھا مضمون لکھتا، تو تعریف کر کے دل بڑھاتے اور انعام بھی دیتے۔ ایک مرتبہ راقم نے نکاہات لکھے، بہت خوش ہوئے، بٹوا نکال کے دے دیا اور کہنے لگے: " اس میں جو کچھ ہے لے لو۔" لیکن اکثر لوگ پھر بھی دعائیں مانگتے رہتے تھے کہ اللہ کرے مولانا کہیں دور چلے جائیں اور عموماً یہ دعائیں قبول ہی ہوتی تھیں۔

4- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔　　10 = 1 + 9

(i) نواب محسن الملک　　(ii) محنت پسند خردمند

5- اسرار الحق مجاز کی نظم " نوجوان سے خطاب " کا خلاصہ لکھیے۔　　5

6- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔　　20

(i) فرقہ واریت　　(ii) زراعت اور سائنس　　(iii) مسئلہ کشمیر اور اس کا حل

7- اپنے دوست / سہیلی کے نام خط لکھ کر اُسے امتحان میں شاندار کامیابی پر مبارک باد دیں۔　　10

4-2017(A)-23000 (MULTAN)

**PAPER CODE NUMBER:4022**

2017 (A)

رول نمبر ____________

**انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارہویں )**

# اردو ( لازمی ) پرچہ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

## گروپ ۔ دوسرا

**حصہ معروضی**

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

**نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔**

(1) اُمِ عمر حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کی لگتی تھیں۔ (A) ماں (B) بہن (C) خالہ (D) پھوپھی

(2) مسلم لیگ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ (A) 1885ء میں (B) 1895ء میں (C) 1905ء میں (D) 1906ء میں

(3) کوہ حبشہ پر رہتا تھا۔ (A) جوگی (B) سیاح (C) کامل فقیر (D) ملنگ

(4) امریکی طرزِ حیات کی نمائندہ چیز ہے۔ (A) کالج (B) بینک (C) سپر مارکیٹ (D) ہوائی یونیورسٹی

(5) مولوی نذیر احمد کو ترجمۃ القرآن لکھنے میں وقت لگا۔ (A) دو سال (B) ڈھائی سال (C) تین سال (D) چار سال

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

(6) شجر پر بیٹھے طوطے اور چڑیاں ____________ (A) اڑ گئے (B) اڑ گئیں (C) اڑ گئی (D) اڑتے گئے

(7) ماں بیٹا گھر ____________ (A) پہنچ گیا (B) پہنچ گئی (C) پہنچ گئیں (D) پہنچ گئے

(8) اس کو تو ________ سانپ سونگھ گیا۔ (A) ایسے (B) ویسے (C) تیسے (D) جیسے

(9) ماہنامہ '' اوراق '' بند ہو ____________ (A) گئے (B) گئی (C) گیا (D) پڑا

(10) ریوڑ گھاس چر ____________ (A) رہی ہے (B) رہے ہیں (C) رہا ہے (D) رہیں ہیں

**رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

(11) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت ہے۔ (A) ! (B) : (C) :۔ (D) ،

(12) علامت ( :۔ ) اردو میں کہلاتی ہے۔ (A) سوالیہ (B) تفصیلیہ (C) استفہامیہ (D) رابطہ

(13) جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں جو علامت استعمال ہوتی ہے۔ اسے کہتے ہیں۔ (A) تفصیلیہ (B) ختمہ (C) قوسین (D) رابطہ

(14) واوین کی تعریف ہے۔ (A) قول نقل کرنا (B) وضاحت کرنا (C) جملہ معترضہ کی ادائیگی (D) مختصر ٹھہراؤ

(15) ندائیہ کی تعریف ہے۔ (A) سوال پوچھنا (B) فقرے کی تکمیل (C) کسی کو پکارنا یا مخاطب کرنا (D) جواب دینا

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیش نظر درست جواب منتخب کیجیے۔**

(16) دینا (A) فقیر نے صدا دی۔ (B) وہ خط دے آیا۔ (C) میں نے کتاب میز پر رکھ دی۔ (D) ہم نے رقم ادھار دی۔

(17) نکلنا (A) وہ شام کے بعد آ نکلا۔ (B) ابھی سورج نہیں نکلا۔ (C) اسے کالج سے نکال دیا۔ (D) تم گھر سے باہر نکل جاؤ۔

(18) پڑنا (A) کتاب میز پر پڑی ہے۔ (B) اس نے سبق پڑھ لیا ہے۔ (C) تمہارا سامان کہاں پڑا ہے؟ (D) وہ چلتی گاڑی سے گر پڑا۔

(19) ہونا (A) تم کون ہو؟ (B) تمہارا کام ہو گیا ہے۔ (C) فرش پر قالین بچھا ہوا ہے۔ (D) جنگل میں شیر ہوتا ہے۔

(20) آنا (A) کھیت میں فصل اگ آئی۔ (B) وہ میرے گھر آیا۔ (C) وہ آیا ہوا ہے۔ (D) وہ یہاں آتا رہتا ہے۔

eduvision.edu.pk

# BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN

OBJECTIVE KEY FOR INTER (PART ~~I~~/ II) Annual Examination, 2017.

Name of Subject اردو لازمی

Session 2017

Group: 1st

| Q. Nos. | Paper Code 4021 | Paper Code 4023 | Paper Code 4025 | Paper Code 4027 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | C | B | A | D |
| 2. | D | D | B | A |
| 3. | A | C | D | B |
| 4. | B | D | C | D |
| 5. | D | A | D | C |
| 6. | B | C | A | B |
| 7. | B | D | C | A |
| 8. | A | B | D | C |
| 9. | C | B | B | D |
| 10. | D | A | B | B |
| 11. | A | D | C | B |
| 12. | B | C | D | C |
| 13. | C | A | C | D |
| 14. | D | B | A | C |
| 15. | C | C | B | A |
| 16. | B | C | A | B |
| 17. | B | B | C | A |
| 18. | A | B | B | C |
| 19. | C | B | B | B |
| 20. | B | A | B | B |

Group: 2nd

| Q. Nos. | Paper Code 4022 | Paper Code 4024 | Paper Code 4026 | Paper Code 4028 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | D | B | C | D |
| 2. | D | D | C | C |
| 3. | C | D | B | C |
| 4. | C | C | D | B |
| 5. | B | C | D | D |
| 6. | B | C | D | D |
| 7. | D | B | C | D |
| 8. | D | D | C | C |
| 9. | C | D | B | C |
| 10. | C | C | D | B |
| 11. | A | C | C | B |
| 12. | B | A | A | C |
| 13. | C | B | C | A |
| 14. | A | C | A | C |
| 15. | C | A | B | A |
| 16. | C | A | D | A |
| 17. | A | C | C | D |
| 18. | D | A | A | C |
| 19. | C | D | C | A |
| 20. | A | C | A | C |

eduvision.edu.pk